## سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں مسلح دہشت گردی کے ذمہ داروں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، حق پرست اراکین سینیٹ

کراچی۔۔۔21، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں بے گناہ معصوم لوگوں کو وحشیانہ فائرنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے قتل کرنے کے ذمہ دار لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی تاحال عدم گرفتاری کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے حکومت وانتظامیہ کی مکمل ناکامی و نااہلی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر میں جاری قتل وغارتگری کی وارداتوں کو منظم اور سازشی منصوبہ کا حصہ ہے جس کا مقصد کراچی کے شہریوں کو الطاف حسین اور ایم کیوایم کا ساتھ دینے پر ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا اور شہر کا امن تہس وتہہ بالا کر کے مضموم مقاصد حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے جہاں کے عوام 1987ء سے ہر عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں کو ہی بھاری اکثریت سے کامیاب کراتے آئے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں قتل وغارتگری اور اس سے قبل پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب کے دوران ہونے والے قتل وغارتگری اس سلسلے کی کڑی ہے، کراچی پر قبضے کا خواب دیکھنے والوں کو ایم کیوایم کی کامیابی ایک آنکھ نہیں بھائی اور انہوں نے کراچی کے عوام کو ایم کیوایم کا ساتھ دینے کی پاداش میں قتل وغارت گری کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی ومذہبی جماعتوں کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ شہر میں ہونے والی ہر قتل وغارتگری کا الزام ایم کیوایم پر تھوپ دیا جائے اور جو لوگ بھی عوام کو بدظن کرنے کیلئے ایم کیوایم پر دہشت گردی کا بے بنیاد الزام لگاتے رہے ہیں سانحہ کباڑی مارکیٹ کے بعد آج ان کی زبانوں پر تالے پڑ گئے ہیں وہ بھیگی بلی کی طرح دم دبائے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری اچھی طرح سمجھ چکے ہیں کہ کون کراچی میں انہیں قتل وغارتگری کا نشانہ بنا تا رہا ہے اور پاکستان کو نقصان پہنچا تا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر کراچی میں قتل وغارتگری میں ایم کیوایم کو موردالزام ٹہراتے ہیں دراصل یہی عناصر شہر اور ملک کی ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں اور شہر کو مفلوج کر کے ایک جانب ایم کیوایم کے پیغام حق پرستی کو پھیلنے سے روکنا چاہتے ہیں اور دوسری جانب اپنے آقاؤں کو خوش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست سینیٹر نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ سمیت شہر میں دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث لیاری گینگ وار اور لسانی جماعتوں کے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے اور شہریوں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ حق پرست اراکین سینیٹ نے شیر شاہ کباڑی یمارکیٹ میں لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سمیت شہر میں قتل وغارتگری کے دوران شہید ہونیوالے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم شہریوں کے قتل عام میں ملوث عناصر کو کیفر دار تک پہنچائے اور شہداء کو جنت الفردوس میں جگہ اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

## ملک کی ترقی وخوشحالی کا محور کراچی ہے یہاں قتل وغارتگری بڑی سازش ہے، اسلم آفریدی

## ایم کیوایم فیصل آباد زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

فیصل آباد۔۔۔21، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ فیصل آباد زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں گزشتہ روز فیصل آباد زون میں کارکنان کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کارکنان کی بڑی تعداد کے علاوہ ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی اور اراکین نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں اسلم آفریدی نے ایم کیوایم فیصل آباد کی نومنتخب زونل کمیٹی کے ناموں اور ضلع بھکر کو ایم کیوایم فیصل آباد زون میں شامل کرنے کا اعلان کیا اور نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسلم آفریدی نے کہا کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کا محور کراچی ہے اور کراچی میں معصوم شہریوں کی قتل وغارتگری بڑی سازش ہے اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں ہے بلکہ وہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہ جدوجہد 2 فیصد استحصال طبقے، جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کو ایک آنکھ نہیں بھا رہی ہے اور وہ ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم کے حق پرستانہ مشن ومقصد اور نظریے کے فروغ کو روکنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے انقلاب کا جو نعرہ بلند کیا ہے اب وہ انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے، ظلم وستم کی چکی میں پسنے والے عوام میں شعوری بیداری پیدا ہوگئی ہے اور اب ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کو جنم لینے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ اسلم آفریدی نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کو زیادہ سے زیادہ عام کریں اور ایم کیوایم کے خلاف سازشی ہتھکنڈوں کے جاری پیروپیگنڈے کو خاطر میں نہ لائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حقوق کے حصول کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے، اراکین قومی اسمبلی

## شہری اور کاروباری طبقہ بجلی کے بل قومی فرض سمجھ کا ہر ماہ ادا کر رہا ہے لیکن متعلقہ ادارہ مسلسل غفلت کا مظاہرہ کر رہا ہے

کراچی ۔۔۔21، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی میں طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور لوڈشیڈنگ کو شہر سمیت ملک بھر کی معاشی، اقتصادی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر کرنے اور عوام کو اشتعال انگیزی پر مجبور کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی کے شہری اور کاروباری طبقہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کو ہر ماہ یقینی بناتا ہے اور اسے قومی فرض کے طور پر انجام دے رہا ہے لیکن بجلی کی ترسیل کے ذمہ دار ادارے کے ای ایس سی کی جانب سے عوام اور کاروباری طبقے کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کیلئے کسی قسم کے کوئی اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں اور نہ ہی کے ای ایس سی کی تنصیبات پر خاطر خواہ توجہ دی جارہی ہے جو کے ای ایس سی کی انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت اور کوتاہی کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور اس کی تنصیبات کی آئے دن خرابیوں کے باعث بجلی کی تسلسل کے ساتھ ترسیل خواب بن کر رہ گئی ہے جس کے باعث نہ صرف شہر کی کاروباری سرگرمیاں ہی متاثر نہیں ہوتیں بلکہ تباہی کا شکار ہو چکی ہیں، ہزاروں لوگ بیروزگار ہو چکے ہیں، اسکول، کالجوں، یونیورسٹیوں اور اسپتالوں میں طلباء اور مریض پریشانیوں میں مبتلا ہیں، آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں اور انسانی زندگیاں داؤ پر لگی ہوئی ہیں لیکن کے ای ایس سی اپنے دعوؤں کی سچائی میں آج تک ثابت نہ کرسکی اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ منظّم منصوبہ کے تحت شہر میں لوڈشیڈنگ کا عمل کیا جارہا ہے اور ان کو دوہری پریشانیوں میں مبتلا رکھا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے بھی کے ای ایس سی کے دعوؤں پر عملدرآمد نہ کرائے جانے کا کوئی نوٹس نہیں لیا جارہا ہے اور بجلی کی قلت کا اظہار کیا جارہا ہے لیکن اس قلت کو دور کرنے کیلئے کوئی بھی عملی اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے، کراچی میں کے ای ایس سی کو شہریوں کو بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کا پابند کیا جائے، لوڈشیڈنگ پر کے ای ایس سی کے عملے سے سختی کے ساتھ بازپرس کی جائے اور عوامی اجتماعی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے لوڈشیڈنگ کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرایا جائے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔21، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کے جوائنٹ انچارج محمد شمیم قریشی کے بھائی محمد وسیم قریشی اور ایم کیو ایم سرجانی سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن لطیف کے والد کے انتقال گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆